مورخہ 2 اپریل 2018ء

**بخدمت جناب سیکریٹری صاحب،**
**الیکشن کمیشن آف پاکستان، اسلام آباد.**

عنوان: درخواست براد اعتراض / درستگی بابت مجوزہ حلقہ پی پی-13، راولپنڈی.

جناب عالی۔!

نہایت مئودبانہ گزارش ہے کہ منکہ مسمی نعمان ہمایوں چوہدری ولد اورنگزیب ہمایوں چوہدری، ساکن لطیف حیات والا محلّہ دھاماں موڑ، نیولالہ زار، چونگی نمبر-20، یونین کونسل نمبر-84، دھاماں سیداں، اڈیالہ روڈ، تحصیل وضلع راولپنڈی کا رہائیشی ہوں. مذکورہ بالا مجوزہ صوبائی حلقہ کو ہمارے پرانے صوبائی حلقہ پی پی-6 میں متعدد تبدیلیاں کر کے اور نئے علاقے شامل کر کے بنایا گیا ہے. مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 صوبہ پنجاب کے ضلع راولپنڈی کا ایک صوبائی حلقہ بنتا ہے، لیکن اس میں نئے انتخابی علاقے شامل کرتے وقت اس چیز کا خیال نہیں رکھا گیا کہ وفاقی علاقہ اسلام آباد کے انتخابی علاقوں کو ضلع راولپنڈی کے انتخابی علاقوں سے الگ رکھا جائے. اور اس طرح وفاقی ترقیاتی ادارہ (CDA) اسلام آباد کے زیرانتظام علاقوں کو جو کہ اسلام آباد پولیس کے زیرانتظام تین تھانوں یعنی تھانہ کورال، تھانہ لوہی بھیر اور تھانہ سہالہ کی حدود میں آتے ہیں اور جو سال 2013 کے عام انتخابات میں اسلام آباد کے قومی حلقہ NA-49 کا حصہ تھے، کو بھی صوبہ پنجاب کے ضلع راولپنڈی کے مذکورہ مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں شامل کر دیا گیا ہے، جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:۔

یعنی مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں قانونگو حلقہ چکلالہ کے پٹوار سرکل کوٹھہ کلاں کے موضع کوٹھہ کلاں کو مکمل شامل کیا گیا ہے، جس کے تحت شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 110020901 کے انتخابی علاقے سے لیکر شماریاتی بلاک کوڈ 110020918 کے انتخابی علاقے جو ضلع راولپنڈی کی انتظامی حدود میں آتے ہیں اور ضلع راولپنڈی کی یونین کونسل نمبر-80 کوٹھہ کلاں-I اور یونین کونسل نمبر-81 کوٹھہ کلاں-II پر مشتمل ہے اور پرانے صوبائی حلقہ پی پی-6 کا حصہ تھے کے علاوہ " اضافی انتخابی علاقے یعنی شماریاتی بلاک کوڈ نمبر **110020919** کے انتخابی علاقے سے لیکر شماریاتی بلاک کوڈ نمبر **110020978** تک کا انتخابی علاقہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو بحریہ ٹاؤن فیز-I سے لیکر بحریہ ٹاؤن فیز-8 تک کا علاقہ ہے جو ضلع راولپنڈی کی جغرافیائی اور انتظامی حدود میں نہیں آتا اور نہ ہی الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ ضلع راولپنڈی کے مجوزہ حلقوں کے نقشوں میں موجود ہے اور نہ ہی ضلع راولپنڈی کے نقشوں میں اس کا ذکر ہے. بلکہ یہ علاقہ وفاقی ترقیاتی ادارہ (CDA) کے زیرانتظام ہونے کے ساتھ ساتھ اسلام آباد پولیس کے مذکورہ بالا تین تھانوں یعنی تھانہ کورال، تھانہ لوہی بھیر اور تھانہ سہالہ کی انتظامی حدود میں آتا ہے جبکہ یہ علاقے سال 2013 کے عام انتخابات میں بھی اسلام آباد کے قومی حلقہ NA-49 میں ہی شامل تھے".

لہٰذا آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں

ورق الٹیے

3

ا، مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں شامل شماریاتی بلاک کوڈنمبر 110020919 کے انتخابی علاقہ سے لیکر شماریاتی بلاک کوڈنمبر 110020978 تک کے 60 انتخابی علاقوں کو مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 کی فہرست سے خارج کرنے کے احکامات صادر فرمائیں، اور

۲، اور مندرجہ بالا 60 انتخابی علاقوں کو اس صوبائی حلقہ سے خارج کرنے کی صورت میں پیدا ہونے والے خلاء کو پر کرنے کے لیے قانونگو حلقہ چکلالہ کے ہی پٹوار سرکل جراحی کے موضعات جراحی، کلیال، کوٹھہ خورد، کھٹانہ، موہڑہ فقیراں، جوڑیاں اور کلری، کے انتخابی علاقے شماریاتی بلاک کوڈنمبر 110020101 سے لے کر شماریاتی بلاک کوڈنمبر 110020162 تک کے 162 انتخابی علاقوں کو مجوزہ صوبائی حلقہ PP-13 میں شامل کر دیا جائے کہ یہ علاقے اس مجوزہ صوبائی حلقہ کے پرانے صوبائی حلقہ PP-6 ہی کا حصہ تھے.

اور یہ کہ:-

i- یہ انتخابی علاقے ضلع راولپنڈی کی دو یونین کونسلوں یعنی یونین کونسل نمبر-83 کلیال اور یونین کونسل نمبر-84 دھاماں سیداں کا حصہ ہیں اور ان دونوں یونین کونسلوں کے آدھے آدھے انتخابی علاقے مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں شامل ہیں جبکہ آدھے آدھے انتخابی علاقے خارج کیے گئے ہیں یعنی قانونگو حلقہ چکلالہ کے پٹوار سرکل جراحی کو خارج کرنے سے ایک پوری یونین کونسل نمبر-83 کلیال کے انتخابی علاقے خارج کر دیے گئے ہیں. اور اسی طرح قانونگو حلقہ چکلالہ کے پٹوار سرکل دھاماں (یونین کونسل نمبر-84 دھاماں سیداں) کے انتخابی علاقے یعنی شماریاتی بلاک کوڈنمبر 110020201 سے لے کر شماریاتی بلاک کوڈنمبر 110020233 تک تو مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں شامل ہیں لیکن اسی قانونگو حلقہ چکلالہ کے پٹوار سرکل جراحی (یونین کونسل نمبر-84 دھاماں سیداں) کے انتخابی علاقوں کو خارج کر کے اس یونین کونسل کو آدھا آدھا تقسیم کر دیا گیا ہے.

ii- یہ کہ ان دونوں یونین کونسلوں کے تمام انتخابی علاقے یکجا کرنے کی صورت میں مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 جغرافیائی طور پر بھی اور انتظامی طور پر بھی متوازن ہو جاتا ہے کیونکہ یونین کونسل نمبر-83 کلیال سے پہلے یونین کونسل نمبر 82 مورگاہ اور اس سے پہلے یونین کونسل نمبر-81 کوٹھہ کلاں-II اور اس سے پہلے یونین کونسل نمبر-80 کوٹھہ کلاں-I کی جغرافیائی سرحدیں ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ جڑی ہوئی ہیں جبکہ یونین کونسل نمبر-83 کلیال کے بعد یونین کونسل نمبر-84 دھاماں سیداں جغرافیائی طور پر ساتھ ساتھ جڑی ہیں، گویا کہ مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں یہ تمام یونین کونسلیں یعنی یونین کونسل نمبر-80 کوٹھہ کلاں تا یونین کونسل نمبر-84 دھاماں سیداں جغرافیائی اور انتظامی حوالے سے سیدھی، متوازن اور یک رخ ہو جائیں گی جیسا کہ پہلے بھی یہی صورت حال ہے. اور مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں شامل یونین کونسل آدھا آدھا بٹنے اور کٹنے سے بھی بچ جائیگی.

ورق الٹیے

جناب عالی۔!

امید ہے کہ مندرجہ بالا بیان کیے گئے زمینی حقائق کی روشنی میں آپ احکامات صادر فرمائیں گے کہ مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں اضافی طور پر شامل کیے گئے اسلام آباد کے وفاقی ترقیاتی ادارہ کے زیرانتظام انتخابی علاقوں یعنی شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 110020919 سے لے کر شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 110020978 کو خارج کیا جائے اور اس کی جگہ ضلع راولپنڈی کی حدود کے زیرانتظام قانونگو حلقہ چکلالہ کے پٹوارسرکل جراحی کے تمام موضعات اور ان کے انتخابی علاقوں کو مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 میں شامل کیا جائے۔

آپ کا بہت شکریہ۔

العارض

نعمان ہمایوں چوہدری ولد اورنگزیب ہمایوں چوہدری

شناختی کارڈ نمبر۔37405-9975170-1 رابطہ نمبر 0331-8999923

ساکن لطیف حیات والا، محلّہ دھاماں موڑ، نیولالہ زار، چونگی نمبر-20، اڈیالہ روڈ، تحصیل وضلع راولپنڈی۔

موضع دھاماں، پٹوارسرکل دھاماں، قانونگو حلقہ چکلالہ، راولپنڈی۔

ووٹ سلسلہ نمبر-72، شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 110020222، انتخابی علاقہ۔علی ٹاؤن دھاماں، یونین کونسل-84، دھاماں سیداں

مجوزہ صوبائی حلقہ پی پی-13 راولپنڈی (سابقہ PP-6)

ساتھ لف ہے:۔

۱، فہرست شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 110020919 تا 110020978 بحریہ ٹاؤن فیز-۱ تا فیز-8 بمعہ موضع کوٹھہ کلاں، پٹوارسرکل کوٹھہ کلاں، قانونگو حلقہ چکلالہ۔ تین صفحات از سلسلہ نمبر-434 تا 493۔(درخواست بابت اخراج) A

۲، فہرست شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 110020101 تا 110020162 موضعات جراحی، کلیال، کوٹھہ خورد، موہڑہ فقیراں، بکری، پٹوار سرکل جراحی، قانونگو حلقہ چکلالہ، تین صفحات از سلسلہ نمبر-65 تا 126۔(درخواست بابت اندراج وشمولیت)۔ B

۳، نقشہ پوٹھوہار ٹاؤن، ضلع، راولپنڈی (جس میں بحریہ ٹاؤن شامل نہیں ہے)۔ C

۴، نقشہ جاری کردہ الیکشن کمیشن آف پاکستان بابت مجوزہ صوبائی حلقہ جات راولپنڈی (جس میں بحریہ ٹاؤن شامل نہیں ہے)۔ D

۵، نقشہ ضلع راولپنڈی، جاری کردہ الیکشن کمیشن آف پاکستان (جس میں بحریہ ٹاؤن شامل نہیں ہے)۔ E